PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "معاشرتی رویے"

## "سونے کی عادات"

## 85% پاکستانیوں نے گزشتہ رات پُرسکون نیند کرنے کا دعویٰ کیا، 13% پاکستانیوں کے مطابق اُنہوں نے گزشتہ رات پُرسکون نیند نہیں کی (بہت کم یا بالکل بھی نہیں):


## گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 28 نومبر، 2017

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 85% پاکستانیوں نے گزشتہ رات پُرسکون نیند کرنے کا دعویٰ کیا، 13% پاکستانیوں کے مطابق اُنہوں نے گزشتہ رات پُرسکون نیند نہیں کی (بہت کم یا بالکل بھی نہیں)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مرد وخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ **"فرض کریں کہ اگر آپ کو اپنی گزشتہ رات کی نیند کی وضاحت کرنی پڑے تو آپ اس کی وضاحت کیسے کریں گے ؟"**، اس سوال کے جواب میں 33% جوابدہندگان کے مطابق وہ گزشتہ رات خوب (ضرورت سے زیادہ) سوئے، 52% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ رات ٹھیک (ضرورت کے مطابق) سوئے، 11% افراد کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ رات بہت کم سوئے، جبکہ 2% افراد کے مطابق وہ گزشتہ رات بالکل بھی نہیں سوئے۔ تاہم 2% افراد نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"فرض کریں کہ اگر آپ کو اپنی گزشتہ رات کی نیند کی وضاحت کرنی پڑے تو آپ اس کی وضاحت کیسے کریں گے ؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلپ اور گیلانی پاکستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر بلال گیلانی کا کہنا ہے کہ یہ سروے دنیا بھر میں نیند کی بے ضابطگیوں کے واقعات میں اضافے، سرکاری اور پرائیویٹ صحت کی سہولیات پر بڑھتی ہوئی بیماریوں کے دباؤ کی روشنی میں منعقد کیا گیا تھا۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1776 مرد وخواتین سے 16 اکتوبر تا 23 اکتوبر 2017 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً 2-3%± لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, November 28, 2017**

*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup & Gilani Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2017

celebrating 37 years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)